Dua For rain

رسول اللہ ﷺ بارش کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَافِعًا ○

”اے اللہ! اس بارش کو نفع دینے والی بنا دے۔“

صحیح بخاری، کتاب الاستسقاء، باب ما یقال إذا أمطرت، رقم: ۱۰۳۲۔

اور بادل دیکھ کر سب کاروبار چھوڑ کر یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّمَا اُرْسِلَتْ ○

”یا اللہ! اس بادل کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جس برائی کے ساتھ اسے بھیجا گیا ہے۔“

سنن ابی داود، کتاب الأدب، باب مایقول اذا ھاجت الریح، رقم: ۵۰۹۹؛ سنن ابن ماجه، کتاب الدعاء، باب ماید عوبه الرجل إذا رأی السحاب والمطر، رقم: ۳۸۸۹، واللفظ له۔

اور بارش کی کثرت سے جب نقصان کا اندیشہ ہوتا تو رسول اللہ ﷺ یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا، اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالْجِبَالِ وَالْاٰجَامِ وَالظِّرَّابِ وَالْاَوْدِیَۃِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ ○

”اے اللہ! ہمارے آس پاس بارش ہو، ہمارے اوپر بارش نہ ہو۔ اے اللہ! ٹیلوں، پہاڑوں اور نالوں اور جنگلوں میں برسا۔“

صحیح بخاری، ابواب الاستسقاء باب الاستسقاء فی المسجد الجامع، رقم: ۱۰۱۳،